اپریل 2021	D.El.Ed Regular ڈی۔ایل۔ایڈ (ریگولر)	I Semester پہلا سمسٹر

پرچہ :

Paper - DLED114CCT : Understanding Language & Early Language Development

وقت : 2 Hrs : گھنٹے : Time — Maximum. Marks 35 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 05 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 01 نمبر مختص ہے۔ **(5 x 1 = 5 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 04 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 4 = 20 Marks)**
3. حصہ سوم میں 02 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 01 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(1 x 10 = 10 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) زبان کے سائنسی مطالعہ کو.......................... کہا جاتا ہے۔

(ii) بچوں کے ادب سے متعلق قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی سے نکلنے والے رسالے کا نام.......................... ہے۔

(iii) واقعات اور کہانی پر تبصرہ کرنے کا موقع دینے سے بچے سیکھتے ہیں۔

(a) اپنے الفاظ میں بیان کرنا — (b) بحث ومباحثہ کرنا

(c) محاورے بنانا — (d) مضمون لکھنا

(iv) قواعد کی تدریس کا بنیادی مقصد ہے؟

(a) تلفظ کو بہتر کرنا — (b) تحریر کو خوش خط کرنا

(c) معلومات میں اضافہ کرنا — (d) زبان کو اصول وضوابط کے مطابق استعمال کرنا

(v) ابتدائی سطح پر زبان کی آموزش کا سب سے اہم رسمی ماخذ.......................... ہے۔

(a) بچوں کا ادب — (b) اخبار

(c) ٹیلی ویژن — (d) سوشل میڈیا

حصہ دوم

2- ''زبان قواعد کے اصولوں کے ذریعہ چلنے والی سرگرمی (Rule Governed Activity) ہے''۔ واضح کیجیے۔

3- ''زبان تجربے کے اظہار (Express Experienec) کا ایک ذریعہ ہے'' مختصر نوٹ لکھیے۔

4- معیاری زبان اور غیر معیاری زبان کے فرق کو واضح کیجیے۔

5- کم عمر کے بچے زبان کس طرح سیکھتے ہیں؟ تحریر کیجیے۔

6- زبان کے اکتساب میں کہانی اور نغمے کی اہمیت واضح کیجیے۔

7- زبان کے اکتساب میں ادب کی اہمیت پر نوٹ لکھیے۔

8- کمرۂ جماعت میں اور کمرۂ جماعت کے باہر زبان کے افعال تحریر کیجیے۔

9- آپ بطور استاد خصوصی ضروریات کے حامل بچوں کی زبان سیکھنے میں کس طرح مدد کریں گے؟ مع مثال واضح کیجیے۔

حصہ سوم

10. زبان اور سماج (Language and Society) کے تعلق پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

11. ''زبان فرد کی طبعی، سماجی اور انفرادی تعامل کا نتیجہ ہے۔'' پر تفصیل سے بحث کیجیے۔

☆☆☆